بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ایک طویل عرصے کے تعطل کے بعد الحمدللہ ادارہ علوم اسلامیہ کا دینی و تحقیقی مجلہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ ۱۹۶۶ء میں بانی ادارہ استاذ محترم علامہ علاء الدین صدیقیؒ نے Light of Islam کے نام سے ایک ماہانہ تحقیقی مجلہ کا اجراء کیا جو صاحبان علم تک اہم موضوعات پر اہل علم کے نتائج فکر سامنے لاتا رہا۔ علامہ مرحوم کی گوناں گوں مصروفیات اور بعض دیگر ناگزیر وجوہ کی بنا پر کچھ عرصہ بعد اس کی اشاعت کا سلسلہ منقطع ہو گیا۔

گزشتہ کئی سال سے ایک علمی تحقیقی مجلہ کا اجراء ہمارے اہداف میں سے رہا لیکن بعض وجوہات کی بنا یہ منصوبہ معرض التوا میں پڑتا رہا۔ ہم ان اہل قلم اساتذہ کے ممنون ہیں جنھوں نے ہماری پہلی درخواست پر تحقیقی مضمون کی صورت میں لبیک کہا۔ خاص طور پر محترم پرو وائس چانسلر ڈاکٹر ذوالفقار علی ملک کہ جنھوں نے اپنی عدیم الفرصتی کے باوجود اپنا مقالہ عطا کیا۔ **فجز اھم اللہ احسن الجزاء۔**

مجلہ کی اشاعت میں بعض امور تاخیر کا سبب بنے جن میں سے اہم سبب تنظیمی، تدریسی و دیگر ذمہ داریاں اور کمپوزنگ و پروف ریڈنگ کا کام اندازہ سے کہیں زیادہ طویل ہونا ہے۔

ادارہ علوم اسلامیہ کی سٹاف کونسل نے مجلہ کے لئے "القلم" نام پر اتفاق کیا۔ انشاء اللہ العزیز یہ ششماہی ہو گا۔ اس کے مضامین قومی زبان اردو کے علاوہ قرآن حکیم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان عربی اور عصری تقاضوں کے پیش نظر انگریزی زبان پر مشتمل ہیں۔ مضامین میں تنوع ہے۔ مجلہ کے مضامین قرآن حکیم، حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم اسلام اور سائنس، تعلیم، اقتصادیات ایسے اہم عنوانات پر اہل قلم نے رشحات قلم پیش کئے ہیں۔

اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ وہ ہمیں یہ مجلہ باقاعدگی کے ساتھ قارئین کرام تک پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے۔ اور اس کے مضامین مسلم امہ کو دینی و فکری راہنمائی کا سامان فراہم کرتے رہیں۔

میں استاذ محترم جناب پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی، پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ خان اور پروفیسر عبدالحی صدیقی کی ممنون ہوں جنہوں نے ہماری درخواست پر وقتاً" فوقتاً" اپنے زریں مشوروں سے مستفید کیا۔

ناسپاس گزاری ہو گی اگر میں ادارہ کے استاذ جناب شبیر احمد منصوری اور فعال استاذ عزیزم غلام علی خان کا شکریہ ادا نہ کروں جن کی کاوش سے مجلہ کمپوزنگ اور اشاعت کے مراحل سے گزرا۔

ادارہ کے دیگر اساتذہ کرام ڈاکٹر ثمر فاطمہ، جناب ڈاکٹر حافظ محمود اختر، جناب ممتاز سالک، ڈاکٹر حمید اللہ اور ڈاکٹر طاہرہ بشارت کی ممنون ہوں جنھوں نے ضروری مشوروں اور تعاون سے نوازا۔ **فجز اھم اللہ احسن الجزاء۔**

ادارہ علوم اسلامیہ جناب وائس چانسلر ڈاکٹر منیرالدین چغتائی کا ازحد ممنون ہے جن کے تعاون سے یہ مجلہ زیور طباعت سے آراستہ ہوا۔

پاکستان بھر کے علوم اسلامیہ کے اساتذہ سے بالخصوص اور دیگر اہل علم حضرات سے بالعموم استدعا ہے کہ وہ اس علمی و تحقیقی مجلہ کی اشاعت کو کامیاب بنانے میں ہمارے ساتھ علمی و عملی تعاون کریں۔ آئندہ شمارہ انشاء اللہ دسمبر میں شائع ہو گا۔ اس کے لئے آپ کے نتائج فکر جون ۱۹۹۳ء تک پہنچ جائیں تو دیگر امور بسہولت انجام پا سکیں گے۔ **وھو ولی التوفیق**

ڈاکٹر پروفیسر جمیلہ شوکت